Press Desk
Ahmadiyya Muslim Jamaat
INTERNATIONAL
(INDIA)

شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت
**Office Press & Media**
Ahmadiyya Muslim Jama'at India,
Qadian-143516, Distt.Gurdaspur, Punjab, India.
Mobile: +91-99887 57988
Email: pressamjindia@gmail.com
Tel: +91-1872-500282
ahmadiyya_press ahmadiyyapressindia

( A Registered Religious and Charitable Society in India under the Societies Registration Act XXI 1860 )

Ref/زیرحوالہ 415
Date/تاریخ 31-3-2025

# عیدالفطر ہمدردی خلق کا پیغام لے کر آتا ہے

## نوع انسان پر شفقت اور اس سے ہمدردی کرنا بہت بڑی عبادت ہے اور خدا کی رضا حاصل کرنے کے لئے یہ ایک زبردست ذریعہ ہے: بانئ جماعت احمدیہ

رمضان المبارک کے بابرکت اختتام پر مسلمان خدا تعالیٰ کی حمد وثناء کرتے ہوئے عیدالفطر مناتے ہیں۔ راستی، سلامتی، غرباء پروری، ہمدردی خلق اور شفقت علی الناس وہ صفات ہیں جو رمضان کے روزے مسلمانوں کے اندر پیدا کرنے کے لئے آتے ہیں۔ اب اس مبارک مہینہ کے اختتام پر عید کا دن اس عزم کا اعادہ کرنے کا دن ہے کہ جو سبق ہمیں رمضان نے دیا ہے اس کو ہم اپنی زندگیوں کا دائمی حصہ بنائیں۔

اسلامی تعلیمات کی یہ خصوصیت ہے کہ اس میں حقوق اللہ کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ حقوق العباد کی ادائیگی کی طرف بھی خصوصی تلقین کی گئی ہے۔ مخلوق خدا پر شفقت کرنے کے لئے رمضان کی عید میں عبادتوں کے ساتھ ساتھ صدقۃ الفطر کو لازم ٹھہرایا گیا ہے۔ یہاں تک کہ نماز میں جانے سے پہلے غرباء کے حق کی ادائیگی کے لئے صدقۃ الفطر ادا کرنا ضروری ہے تا کہ مساکین کو بھی عید کی خوشیوں میں شامل کیا جاسکے۔ غرباء کو اپنی خوشیوں میں شامل کر کے ہی ایک مسلمان عید کی حقیقی خوشیاں حاصل کر سکتا ہے۔

بانئ جماعت احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام فرماتے ہیں:

”غرض نوع انسان پر شفقت اور اس سے ہمدردی کرنا بہت بڑی عبادت ہے اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے یہ ایک زبردست ذریعہ ہے۔“

جماعت احمدیہ کے عالمگیر امام حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے عید منانے کا مقصد بیان فرماتے ہوئے جماعت کو پیغام دیا ہے کہ:

’’عید والے دن صرف ایک تہوار منانے کی طرح جمع ہونے کا دن نہیں ہے بلکہ اس میں اللہ تعالیٰ نے جو ہمارے سپرد کام کئے ہیں ان کا عام دنوں سے بڑھ کر حق ادا کرنا ضروری ہے۔ اپنی عبادت کے بھی حق ادا کرنا ضروری ہے اور بندوں کے حق ادا کرنے کی جو ہر مومن کی ذمہ داری ہے اسے ادا کرنا بھی ضروری ہے۔‘‘

اسی طرح حضرت مرزا مسرور احمد صاحب فرماتے ہیں:

’’اگر ہم اللہ تعالیٰ کے حکموں پر چلتے ہوئے حقوق اللہ کے ساتھ حقوق العباد ادا نہیں کریں گے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے دور جا رہے ہوں گے اور اگر یہ کریں گے تو ہماری مغفرت کے سامان بھی ہو رہے ہوں گے اور ہم شیطان کے چنگل سے نکل کر اپنے آپ کو آگ سے بھی محفوظ کر رہے ہوں گے اور یہی وہ حقیقی عید ہے جو ایک مومن چاہتا ہے۔‘‘

احمدیہ مسلم جماعت بھارت تمام مسلمان بھائیوں کو عید مبارک کا دلی تحفہ پیش کرتی ہے اور تمام دنیا کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتی ہے اور یہ دعا کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اس عید کو بھارت کے لئے خصوصاً اور تمام عالم کے لئے عموماً خیر و برکت اور امن و سلامتی کا موجب بنائے۔ آمین

---



انچارج شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت